http://dailygawadarbusiness.com.pk
Member APNS
کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت
Daily Gwadar Business Quetta
ABC Certified
روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ
جلد 22 | بدھ یکم جولائی 2026ء | 15 محرم الحرام 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 01
Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

آبنائے ہرمز میں کسی بیرونی مداخلت کی ضرورت نہیں، مداخلت مسئلے کو مزید پیچیدہ کرے گی، ایران

ٹرمپ انتظامیہ میں ایران و لبنان پالیسی پر اختلافات کی بحث، وائٹ ہاؤس نے تردید کر دی

امریکی نمائندے دوحہ میں موجود، مگر ایرانی حکام سے براہِ راست ملاقات نہیں ہوگی، دونوں امریکی نمائندے ثالثی کا کردار ادا کرنے والے فریقین سے ملاقاتیں کریں گے، قطر

مفاہمت دوطرفہ معاملہ ہے (ایرانی صدر مسعود پزشکیان) قطر میں امریکا سے ملاقات کا شیڈول طے نہیں (اسماعیل بقائی) مشرق وسطی میں امریکا کے 50 ہزار اہلکار موجود ہیں، سینٹرل کمانڈ

تہران / دوحہ (این این آئی) ایران نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز میں کسی بیرونی مداخلت کی ضرورت نہیں ہے، ہرمز میں بیرونی مداخلت مسئلے کو مزید پیچیدہ کرے گی۔ منگل کو ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

حکومت نے کبھی پی ٹی آئی سے رابطہ نہیں کیا، علیمہ خان کے دعوے غلط ہیں، طلال چودھری

علیمہ خان بھائی کی صحت، مقدمات، سیاست کو ایک ساتھ ملا دیتی ہیں، عوام خود بخوبی سمجھتے ہیں مقصد کیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت داخلہ سینیٹر طلال چودھری نے کہا ہے کہ علیمہ خان اپنے بھائی کی صحت، مقدمات اور سیاست کو ایک ساتھ ملا دیتی ہیں، عوام خود بخوبی سمجھتے (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

صدرِ مملکت نے اوگرا ترمیمی آرڈیننس 2026ء پر دستخط کر دیئے

اسلام آباد (این این آئی) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے اوگرا ترمیمی آرڈیننس 2026ء پر دستخط کر دیئے۔ اعلامیے کے (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

پاک افغان سرحد پر 29 دہشت گردوں کی ہلاکت کی تصدیق

پاک افغان سرحد کے قریب آپریشن میں خارجی کمانڈر خان فروش عرف زابل تین دہشت گردوں سمیت ہلاک

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ ملک میں دہشت گردی کے حالیہ واقعات کے بعد پاک افغان سرحد پر انٹیلی جنس آپریشن کر کے فتنہ الخوارج (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

آواران، قبائلی جرگے میں گورنر جعفر مندوخیل، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی، کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم و دیگر اسٹیج پر بیٹھے ہیں

پائیدار امن عوام، سول انتظامیہ اور سیکیورٹی فورسز کے باہمی تعاون سے ہی ممکن ہے، آواران کے پُرامن ماحول کو خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی

ریاست ہر قسم کے چیلنج سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتی ہے، وزیراعلیٰ

دہشتگرد عناصر اپنی آخری سانسیں لے رہے ہیں، ریاست ان کے خلاف پوری قوت کے ساتھ برسرِپیکار ہے

آواران کے پُرامن ماحول کو خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی، امن دشمن عناصر کے خلاف بلا امتیاز اور آہنی ہاتھوں سے کارروائی جاری رکھی جائے گی، آواران کے عوام امن پسند، باشعور اور ترقی پسند ہیں

لوگوں کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے، بلوچستان میں پائیدار امن عوام، سول انتظامیہ اور سیکیورٹی فورسز کے باہمی تعاون سے ہی ممکن ہے

دشت میں پیش آنے والے افسوسناک واقعے کو سوشل میڈیا پر حقائق کے برعکس پیش کیا جا رہا ہے۔ ایسے منفی اور گمراہ کن بیانیے کی حوصلہ شکنی ہونی چاہیے اور سچ کو فروغ دینا وقت کی ضرورت ہے

کراچی / کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ لوگوں کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اور اس ذمہ داری کی ادائیگی کے لیے حکومت ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پیش آنے والے کسی بھی (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر) کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرِ صدارت ضلع آواران میں ایک اہم قبائلی جرگہ منعقد ہوا، جس میں گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

حکومت کے ساتھ مذاکرات میں کوئی پیشرفت نہیں ہوئی، بیرسٹر گوہر

ایک جانب ہمارے لوگوں کو سزائیں اور دوسری طرف مذاکرات کی بات ہو رہی ہے

اچھی بات ہے بشریٰ بی بی کی فیملی کی ملاقات ہو جائے، ملاقاتیں ہونی چاہئیں

راولپنڈی (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ حکومت کے ساتھ مذاکرات میں کوئی پیشرفت نہیں ہوئی۔ اڈیالہ روڈ راولپنڈی میں میڈیا سے (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

عوامی ایکشن کمیٹی نے ثالثی کی پیشکش کی ہے، فائدہ اٹھایا جائے، مولانا فضل الرحمٰن

بلاول بھٹو

اگر جے یو آئی آزاد کشمیر پیپلز پارٹی سے انتخابات میں اتحاد کرے تو میں ان کے ساتھ ہوں اور اس کی حمایت کروں گا، مولانا فضل الرحمٰن

کشمیر کے انتخابات میں پیپلز پارٹی اور جے یو آئی مل کر الیکشن لڑیں گے، بلاول بھٹو زرداری

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کی کالعدم جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی نے مجھے ثالثی کی پیشکش کی اور ایک وفد بھیجا تھا، اگر جے یو آئی آزاد کشمیر پیپلز پارٹی سے انتخابات میں اتحاد کرے تو میں ان کے ساتھ ہوں (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

وسائل اور آبادی میں توازن ہی پائیدار ترقی کی ضمانت ہے، شہباز شریف

وزیراعظم کا نیشنل پاپولیشن کونسل کا افتتاحی اجلاس جلد از جلد بلانے اور قومی سطح پر آبادی سے متعلق پالیسی سازی کیلئے نیشنل پاپولیشن کونسل کا تنظیمی ڈھانچہ جلد از جلد مرتب کرنے کی ہدایت

آبادی کی منصوبہ بندی کو قومی ترقی، معاشی استحکام اور انسانی وسائل کی بہتری سے ہم آہنگ کرنے کی ضرورت ہے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ وسائل اور آبادی میں توازن ہی پائیدار ترقی کی ضمانت ہے، تیزی سے بڑھتی آبادی سے قومی وسائل (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف، بہبود آبادی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عراقچی کی فرانسیسی ہم منصب سے ٹیلیفونک گفتگو، مفاہمتی یادداشت پر تبادلہ خیال

تہران (این این آئی) ایرانی وزیرِ خارجہ عباس عراقچی اور فرانسیسی وزیرِ خارجہ جین نول بیروٹ کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے۔ عباس عراقچی اور جین نول بیروٹ نے گفتگو کے (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم شہباز شریف آیت اللہ خامنہ ای کی نمازِ جنازہ میں شرکت کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیرِ اعظم شہباز شریف جولائی کے پہلے ہفتے میں ایران کا دورہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیرِ اعظم شہباز شریف آیت اللہ خامنہ ای کی نمازِ جنازہ میں شرکت کریں گے۔ دورہ ایران مکمل (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

پیپلز پارٹی، جے یو آئی نے آزاد کشمیر کے انتخابات کے لیے انتخابی اتحاد کا اعلان کر دیا

خواہش ہے کشمیر کے مسائل پرامن اور جمہوری طریقے سے حل ہوں، بلاول بھٹو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی اور جمعیت علمائے اسلام (ف) نے آزاد کشمیر کے آئندہ انتخابات کے لیے باضابطہ انتخابی اتحاد کا اعلان کر دیا۔ چیئرمین (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

روس کے یوکرین میں میزائل اور ڈرون حملے، 8 افراد ہلاک، متعدد زخمی

روس نے سومی، اوڈیسا، خیرسون اور خارکیف کے علاقوں کو بھی نشانہ بنایا، یوکرینی صدر

کیف (این این آئی) یوکرین میں روس کے میزائل اور ڈرون حملوں میں کم از کم 8 افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے۔ یوکرینی حکام کے مطابق روس کے میزائل اور ڈرون (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمان سے ایرانی سفیر رضا امیری مقدم ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان ہر صورت سندھ طاس معاہدے کے تقدس کا تحفظ کریگا، عطا تارڑ

دریائے سندھ ہماری شہ رگ ہے اور پاکستان کے 24 کروڑ عوام کو اس کے پانی پر ایک ناقابل تنسیخ حق حاصل ہے، پاکستان کے لئے پانی محض ایک وسیلہ نہیں بلکہ زندگی کا مسئلہ ہے

ہم محض سندھ طاس معاہدے پر گفتگو نہیں کر رہے بلکہ پاکستان کے 24 کروڑ سے زیادہ عوام کی شہ رگ پر بات کر رہے ہیں، سیمینار سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنا علاقائی و عالمی امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کے مترادف ہے، پاکستان کے لیے پانی محض ایک قدرتی وسیلہ نہیں، بقا کا معاملہ ہے، پاکستان ہر صورت سندھ طاس معاہدے کے تقدس کا تحفظ کرے گا۔ وہ منگل کو یہاں جناح کنونشن سینٹر میں ''سندھ (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: جمعیت کے سربراہ مولانا فضل الرحمان سے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو ملاقات کر رہے ہیں

حکومت نے دو معرکوں میں کامیابی حاصل کی، اب پاکستان کو معرکہ معیشت جیتنا ہے، احسن اقبال

ملکی برآمدات کو اب ایٹمی پروگرام کے مساوی قومی اہمیت دینا ہوگی، وزیراعظم شہباز شریف نے مہنگائی پر قابو پانے کا خصوصی ٹاسک دیا ہے

معیشت کو پائیدار بنیادوں پر استوار کرنے کے لیے وفاق اور صوبے مل کر سماجی شعبے کو قومی ایمرجنسی کے طور پر آگے بڑھائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات اور ڈپٹی چیئرمین پلاننگ کمیشن احسن اقبال نے کہا ہے کہ حکومت نے معرکہ حق اور معرکہ سفارت کاری میں کامیابیاں حاصل کر لی ہیں، اب پاکستان کو معرکہ معیشت جیتنا ہے، ملکی برآمدات کو اب ایٹمی پروگرام کے مساوی قومی اہمیت دینا ہوگی اور معیشت کو پائیدار بنیادوں پر استوار کرنے کے لیے وفاق اور صوبے مل کر سماجی شعبے کو قومی ایمرجنسی (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

پاکستان اپنے حصے کے پانی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گا، مصدق ملک

کسی کو علاقائی اور عالمی امن یرغمال بنانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، وفاقی وزیر

سندھ طاس معاہدہ دنیا کے مضبوط ترین معاہدوں میں سے ایک ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مصدق ملک نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدہ دنیا کے مضبوط ترین معاہدوں میں سے ایک ہے، کسی کو علاقائی اور عالمی امن یرغمال بنانے کی (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

سندھ طاس معاہدے کی بحالی کے بغیر پاک بھارت امن ممکن نہیں، بلاول بھٹو زرداری

پانی صرف جغرافیہ نہیں، خوراک، مستقبل اور زندگی کا سوال ہے، آبنائے ہرمز کی بندش نے عالمی معیشت کو متاثر کیا

سمندری گزرگاہوں یا آبی وسائل کو بطور ہتھیار استعمال کرنا عالمی امن کے لیے خطرناک رجحان ہے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدے کی بحالی کے بغیر پاکستان اور بھارت کے درمیان پائیدار امن ممکن نہیں، پانی صرف جغرافیہ نہیں، خوراک، مستقبل اور زندگی کا سوال ہے، آبنائے ہرمز کی بندش نے عالمی معیشت کو متاثر کیا، دریائے سندھ کا پانی پاکستان کی زندگی کی ضمانت ہے، سمندری گزرگاہوں یا آبی وسائل کو بطور ہتھیار استعمال کرنا عالمی (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ سندھ کا گندم ذخیرہ اندوزی کیخلاف کریک ڈاؤن کا حکم

سندھ میں گندم اور آٹے کی مناسب قیمت پر بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے، سید مراد علی شاہ

مصنوعی قلت پیدا کرنے اور مارکیٹ میں ہیرا پھیری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے محکمہ خوراک اور ضلعی انتظامیہ کو گندم کی ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف سخت کریک ڈاؤن شروع کرنے (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی قید تنہائی کیخلاف درخواستیں قابل سماعت ہونے پر فیصلہ محفوظ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی مبینہ قید تنہائی کے خلاف دائر درخواستوں پر فریقین کے دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ محفوظ (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

تہران: اسرائیلی حملہ میں سعد آباد ثقافتی اور تاریخی کمپلیکس کی عمارت کا ملبہ بکھرا پڑا ہے

حج 2027ء کے لیے گھر بیٹھے ڈیڑھ لاکھ عازمین نے آن لائن حج پورٹل پر رجسٹریشن کا سنگ میل عبور کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) حج 2027ء کے لیے گھر بیٹھے ڈیڑھ لاکھ عازمین نے آن لائن حج پورٹل پر رجسٹریشن کا سنگِ میل عبور کر لیا۔ وزارت مذہبی امور کے ترجمان کے مطابق (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

حافظ نعیم الرحمٰن سے ایرانی سفیر کی وفد کے ہمراہ ملاقات، اہم مسائل پر گفتگو

مشکل وقت میں حمایت پر پاکستانی عوام، جماعت اسلامی کے شکر گزار ہیں، رضا امیری مقدم

غزہ، لبنان میں مکمل جنگ بندی ہونی چاہیے، اتحاد امت وقت کی ضرورت، امیر جماعت اسلامی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں تعینات ایران کے سفیر رضا امیری مقدم نے وفد کے ہمراہ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن سے اُن کے اسلام آباد دفتر (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)


صوابی: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی غلام اسحٰق خان انسٹیٹیوٹ میں 30 ویں سالانہ کانووکیشن سے خطاب کر رہے ہیں

وزیراعظم کی ہدایت پر حج واجبات کی آن لائن ادائیگی کا نظام تیار

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کی ہدایت پر وزارتِ مذہبی امور نے حج واجبات کی آن لائن ادائیگی کا جدید نظام تیار (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

اڈیالہ جیل سے 14 حوالاتیوں کے فرار کا معاملہ، پولیس اہلکاروں کے ریکارڈ کی جانچ شروع

راولپنڈی (این این آئی) اڈیالہ جیل کے 14 حوالاتیوں کے عدالت میں (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

بھارت جنگ کے بیج بونے سے گریز کرے، امن کا راستہ طاقت یا دھمکی نہیں، اسحاق ڈار

پاکستان اپنے جائز، قانونی، معاہداتی حقوق کے تحفظ کیلئے قانونی اور سفارتی ذرائع اختیار کرتا رہے گا، خطے میں امن، استحکام اور تعاون کے فروغ کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے

دریاؤں اور ان کے پانی کا تحفظ پاکستان کے لیے نہایت اہم قومی مفاد اور قومی سلامتی کا معاملہ ہے، وزیر خارجہ کا سیمینار کے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ بھارت جنگ کے بیج بو کر خطے کے امن کو خطرے میں نہ ڈالے، دریاؤں اور ان کے پانی کا تحفظ پاکستان کے لیے نہایت اہم قومی مفاد اور قومی سلامتی کا معاملہ ہے، پاکستان اپنے جائز، قانونی، معاہداتی حقوق کے تحفظ کے لیے قانونی اور سفارتی ذرائع اختیار کرتا رہے گا، خطے میں امن، استحکام (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

مضبوط پارلیمان جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوامی اعتماد کی بنیاد ہے، گورنر سندھ

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے عالمی یوم پارلیمان کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ مضبوط (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

ملک بھر میں جولائی کے پہلے ہفتے میں مون سون بارشیں شروع ہونے کی پیشگوئی

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے جولائی کے پہلے ہفتے میں ملک (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)


کوئٹہ، جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ینگ ڈاکٹرز کا ایمرجنسی سمیت تمام سروسز کے بائیکاٹ کا فیصلہ

ڈاکٹرز کی ریڈ زون کی جانب ریلی پر پولیس کی بھاری نفری تعینات، راستے بند ہونے پر شدید دھکم پیل

کوئٹہ (یو این اے) ینگ ڈاکٹرز نے ایمرجنسی سمیت تمام طبی سروسز کے مکمل بائیکاٹ کا فیصلہ کر لیا ہے، جس کے باعث دوسری جانب سول ہسپتال میں غریب مریضوں کی (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

اسٹیٹ بینک نے بغیر قانونی اجازت بینک اکاؤنٹس بلاک کرنے سے روک دیا

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے بغیر قانونی وجہ، مجاز اتھارٹی کی منظوری اور تصدیق کے اکاؤنٹس بلاک (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال میڈیا کو ماہانہ بریفنگ دے رہے ہیں

ایاز صادق کے نام محمد باقر قالیباف کا خط، خامنہ ای کی تعزیتی تقریب میں شرکت کی دعوت

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کے نام مجلس شوریٰ اسلامی ایران کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے خط (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

بلوچستان، 35 نئے اسسٹنٹ کمشنرز اور 3 قائم مقام اسسٹنٹ کمشنرز تعینات

نئی تعیناتیوں کا مقصد ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی کو مزید مؤثر اور فعال بنانا ہے، اعلامیہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں 35 نئے اسسٹنٹ کمشنرز اور 3 قائم مقام اسسٹنٹ کمشنرز تعینات کر دیئے گئے۔ محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن نے تقرریوں (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

ایران اور عمان آبنائے ہرمز پر مشترکہ مفاہمت پر پہنچ گئے

عمان نے ساحلی ریاست ہونے کے ناطے انتظامی عمل میں شامل ہونے کی حمایت کی ہے، ایرانی نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی

دونوں ممالک کے ماہرین پر مشتمل تکنیکی کمیٹیاں آئندہ 7 سے 8 دن میں مذاکرات شروع کرینگی

تہران (این این آئی) ایران اور عمان کے درمیان آبنائے ہرمز کے انتظام سے متعلق مشترکہ کمیٹی کا پہلا اجلاس ہوا جس میں دونوں ممالک نے مستقبل کے انتظامی طریقہ کار پر اتفاق رائے قائم کر لیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق ایرانی نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

صوبے کے وسائل پر پہلا اور حق بلوچستان کے عوام کا ہے، مولانا واسع

بلوچستان مسلسل بدامنی، سیاسی انتشار، معاشی بدحالی، انتظامی ناکامی اور عوامی محرومیوں کی دلدل میں دھنستا چلا گیا

ساتویں این ایف سی ایوارڈ میں جمعیت علماء اسلام نے وہ تاریخی کامیابی حاصل کی جس نے بلوچستان کی مالی تقدیر بدل دی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام ہی بلوچستان کی حقیقی عوامی، نظریاتی اور نمائندہ جماعت ہے، اور صوبے کی سب سے بڑی عوامی قوت ہونے کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ جمعیت علماء اسلام نے (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

ہمیں انجینئرز، سائنسدانوں اور محققین کی ضرورت ہے، یوسف رضا گیلانی

امریکا اور ایران کے درمیان امن میں کردار ادا کرنے پر سول و عسکری قیادت مبارکباد کی مستحق ہے

پشاور (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان کو مسائل حل کرنے، ملازمتیں پیدا کرنے اور ملک کی ترقی میں حصہ ڈالنے والے گریجویٹس کی ضرورت ہے، امریکا اور ایران کے درمیان امن میں کردار ادا کرنے پر سول و عسکری قیادت (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

لاہور، ٹیوشن سنٹر کی چھت گرنے سے 14 بچے جاں بحق، متعدد زخمی

بچے ٹیوشن پڑھ رہے تھے کہ ٹی آر گارڈر سے تعمیر چھت گرگئی، 20 سے زائد بچے اور ٹیچر ملبے تلے دب گئے

مالک مکان سمیت 2 افراد زیر حراست، وزیراعلیٰ مریم نواز کا نوٹس

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کے علاقے کاہنہ میں ٹیوشن سنٹر کی چھت گرنے سے 14 بچے جاں بحق ہوگئے جبکہ متعدد زخمی ہوگئے، پولیس نے ابتدائی قانونی (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

معرکہ حق میں پاکستان کی عسکری اور سفارتی برتری نمایاں، برطانوی رپورٹ

یورپی یونین سمیت بڑے عالمی اداروں سے تعلقات نے پاکستان کے عالمی وقار اور سفارتی ساکھ میں بے پناہ اضافہ کیا

راولپنڈی (این این آئی) عالمی ذرائع ابلاغ اور تحقیقاتی ادارے معرکہ حق میں پاکستان کی عسکری برتری اور بھارت کی بدترین شکست کا بارہا اعتراف کر چکے ہیں۔ برطانوی اشاعتی ادارے میں پاکستان پلے بک کی تحقیقاتی رپورٹ نے معرکہ حق میں پاکستان کی فیصلہ کن (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کی ریلی کو پولیس اہلکار ریڈ زون جانے سے روک رہے ہیں

ایل پی جی کی قیمت میں 50 روپے فی کلو کمی کا امکان

لاہور (این این آئی) لیکویفائیڈ پیٹرولیم گیس (ایل پی جی) کی قیمت میں 50 روپے تک کمی کا امکان ہے۔ اوگرا ذرائع کے (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

موسیٰ خیل میں زلزلے کے آفٹر شاکس کا سلسلہ جاری، کل سے اب تک 3 جھٹکے محسوس کیے

موسیٰ خیل (یو این اے) موسیٰ خیل اور اس کے گردونواح میں زلزلے کے آفٹر شاکس کا سلسلہ تواتر کے ساتھ جاری ہے، (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

ریڈ لائن بی آر ٹی منصوبے پر کام میں مزید تیزی لانے کی ہدایت

منصوبے کو اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، شرجیل میمن

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کی زیرِ صدارت ریڈ لائن بی آر ٹی منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں جاری تعمیراتی (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

وفاقی حکومت نے فنانس ایکٹ 2026-27 کا گزٹ نوٹیفکیشن جاری کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے فنانس ایکٹ 2026-27 کا گزٹ نوٹیفکیشن جاری کر دیا جس کے بعد نئے مالی (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

فیصل کریم کنڈی اور چنگیز جمالی کی ملاقات، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

ملاقات میں استحکام اور پارٹی امور پر دونوں رہنماؤں کی مشاورت

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی (CEC) کے رکن اور سابق وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میر چنگیز خان جمالی نے اسلام آباد میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی جس میں ملک (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی میں انتشار کی کیفیت بانی سے ملاقات نہ ہونے کی وجہ سے ہے، سلمان اکرم راجہ

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی میں انتشار کی کیفیت بانی (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

لاہور: ٹیوشن سنٹر کی چھت گرنے کی جگہ کا ریسکیو اہلکار معائنہ کر رہے ہیں، ان سیٹ میں جاں بحق بچے

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ گوادر بزنس

دوبارہ کشیدگی سے عالمی امن کو لاحق خطرات

ایران کے پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے امریکہ کے حالیہ حملوں کے جواب میں کویت اور بحرین میں موجود امریکی فوجی اڈوں پر مشترکہ میزائل اور ڈرون حملے کئے ہیں۔ ایران کے سرکاری میڈیا کے مطابق پاسداران انقلاب نے اپنے حالیہ بیان میں کہا کہ اتوار کی صبح مقامی وقت کے مطابق دو سے تین بجے کے درمیان ایرانی بحریہ اور ایرو اسپیس فورس نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے کویت میں علی السالم ایئربیس اور بحرین میں امریکی ففتھ فلیٹ کے ہیڈ کوارٹر پورٹ سلمان کو نشانہ بنایا۔ [illegible] کے مطابق امریکہ نے گزشتہ روز ایران کے پانچ ساحلی مقامات پر حملے کئے تھے جو دونوں ممالک کے مابین پائے جانے والے 14 نکاتی مفاہمتی یادداشت اور جنگ بندی کی خلاف ورزی ہے۔ اس ایرانی کارروائی کے بعد امریکی صدر ٹرمپ نے پھر ایران کو دھمکی دی کہ اس نے سبق نہیں سیکھا تو اس کا وجود باقی نہیں رہے گا۔ امریکہ اور ایران میں دوبارہ بڑھنے والی اس کشیدگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ فریقین جنگ بندی معاہدہ کی مکمل پاسداری کریں۔ [illegible] عراق کے وزیر خارجہ [illegible] کی تجویز پیش کی ہے کہ خلیجی ممالک کو نیا سکیورٹی فریم ورک تشکیل دینا چاہیے جبکہ بحرین نے سلامتی کونسل کا ہنگامی اجلاس بلانے کا تقاضہ کیا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ امریکہ اور ایران کے مابین دوبارہ بڑھتی کشیدگی نے پوری دنیا کے امن و استحکام کو خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ اگر یہ کشیدگی مزید شدت اختیار کرتی ہے تو اس کے اثرات صرف فریقین تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ پوری دنیا اس کی لپیٹ میں آسکتی ہے۔ مشرق وسطیٰ دنیا کی توانائی کی ضروریات پوری کرنے والا اہم ترین خطہ ہے۔ یہاں کسی بھی قسم کی جنگ یا عدم استحکام عالمی معیشت پر براہ راست اثر انداز ہوتا ہے۔ تیل کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ، تجارتی راستوں کی بندش اور سرمایہ کاری کے ماحول میں بے یقینی عالمی اقتصادی بحران کو جنم دے سکتی ہے۔ دنیا پہلے ہی مختلف معاشی چیلنجز، مہنگائی اور بے روزگاری کے مسائل سے دوچار ہے، ایسے میں امریکہ اور ایران کے درمیان کوئی نئی محاذ آرائی عالمی معیشت کو مزید عدم استحکام سے دوچار کر سکتی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران کو دی جانے والی دھمکیاں اور ایران کی جوابی کارروائیاں اس امر کی متقاضی ہیں کہ فریقین تحمل اور دانشمندی کا مظاہرہ کریں۔ طاقت کے استعمال اور دھمکیوں کی سیاست سے کبھی بھی پائیدار امن کی ضمانت نہیں بن سکتی۔ مسائل کا پائیدار حل صرف اور صرف مذاکرات، سفارت کاری اور باہمی احترام کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ اسی تناظر میں پاکستان کے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا یہ کہنا بروقت اور انتہائی اہمیت کا حامل ہے کہ فریقین جنگ بندی معاہدے کی مکمل پاسداری کریں اور کشیدگی میں مزید اضافے سے گریز کریں۔ اس تناظر میں بحرین کی جانب سے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا ہنگامی اجلاس بلانے کا مطالبہ بھی قابلِ توجہ ہے۔

اسرائیل کی بڑھتی عالمی تنہائی کیا رنگ لاسکتی ہے؟

تحریر: اعزاز احمد چوہدری

[illegible]

عمران خان اور شہباز شریف کا سچ

تحریر: رؤف کلاسرا

[illegible]

... دھاندلی ان کے مخالف کے حق میں ہوئی اور اسے اقتدار تک پہنچا دیا گیا۔ البتہ جب دھاندلی ان کے اپنے حق میں ہو رہی تھی تو وہ مطمئن بھی تھے اور خوش بھی۔ دونوں نے اپنی اپنی کامیابی کو جمہوریت کی فتح قرار دیا۔

میں نے 2002ء کے انتخابات کے بعد گزشتہ 24 برسوں سے پارلیمنٹ اور پارلیمنٹیرینز کو بہت [illegible]

... برس قید کی سزا سنانے کے بعد جلاوطن کیا گیا اور اسی دور میں بینظیر بھٹو قتل ہوئیں۔ تاہم ان سیاستدانوں کے اپنے ادوار بھی ایسی کارروائیوں سے مبرا نہیں تھے۔ 1990ء کی دہائی میں نواز شریف اور بینظیر بھٹو نے ایک دوسرے کو سیاسی طور پر فکس کرنے کا سلسلہ شروع کیا۔ برسوں کی اس سیاسی کشمکش کے بعد جب بینظیر بھٹو منظر سے [illegible]

... پر زمین اس قدر تنگ کر دی کہ اپوزیشن میں پہنچ کر انہیں اپنی بقا اسی میں دکھائی دی کہ وہ مقتدرہ کے ساتھ مل کر انتخابات جیتنے کی کوشش کریں۔ نتیجہ یہ نکلا کہ عوام کا جمہوریت اور سیاست دونوں سے اعتماد اٹھتا چلا گیا۔

سیاستدانوں نے اپنے سیاسی کردار اور دیانتداری پر توجہ دینے کے بجائے حکومت کو فیملی اینڈ فرینڈز [illegible]

... 2018ء اور 2024ء کے انتخابات کا پیٹرن دیکھیں تو دونوں میں حیرت انگیز مماثلت نظر آتی ہے۔ فرق صرف چہروں کا تھا' طریقہ واردات تقریباً ایک ہی تھا۔ عمران خان کو جتوانا مقصود تھا اس لیے نواز شریف کو جیل بھیجا گیا' انتخابات لڑنے سے نااہل قرار دیا گیا' مسلم لیگ (ن) کے متعدد ارکان کو آزاد حیثیت سے یا [illegible]

... اختیار کیا کیونکہ وہ بھی عمران خان کی طرح ہر قیمت پر وزیراعظم بننا چاہتے تھے۔ انہیں ماضی میں دو تین مواقع ملے تھے مگر بھائی کی محبت میں وہ ان سے فائدہ نہ اٹھا سکے۔ اب وہ مزید انتظار کیلئے تیار نہ تھے چنانچہ انہوں نے اسی نوعیت کی ڈیل منظور کر لی۔ 2024ء میں وہ اس حد تک بے نیاز ہو گئے کہ عمران خان اور ان کی جماعت کے ساتھ کیا [illegible]

... شہباز شریف دونوں ایک دوسرے کو طعنہ نہیں دے سکتے۔ دونوں ایک دوسرے پر یہی الزام لگاتے ہیں کہ 'آپ دھاندلی کے ذریعے وزیراعظم بنے' آپ کی حکومت جعلی تھی اور دوسرا جواب دیتا ہے کہ نہیں! جعلی تو آپ کی حکومت تھی۔ میرے خیال میں ہمارے موجودہ اور سابق' دونوں وزرائے اعظم اپنا اپنا سچ بول رہے ہیں۔

بقیہ 1

واقع کام کرنے والی نجی گیس کمپنی کے چھ مزدور جلات خان، محمد ہاشم، کمال خان، جہانگیر خان، محمد عظیم اور روزے خان ولد فضل خان کو اغوا کر کے اپنے ساتھ لے گئے۔ پولیس حکام کے مطابق اغوا کئے گئے مزدور زرغون غر کے مقامی ہیں اور مڑ قبیلے سے تعلق رکھتے ہیں۔ پولیس کے مطابق علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ 2

شفافیت، قانون کی حکمرانی اور صارفین کے حقوق کے تحفظ کی جانب ایک مثبت اور اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک کی جانب سے واضح ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ کسی بھی بینک اکاؤنٹ پر ڈیبٹ بلاک، آپریشنل پابندی یا اکاؤنٹ فریز کرنے جیسے اقدامات صرف متعلقہ قانون، مجاز اتھارٹی کے حکم اور مکمل قانونی تقاضے پورے ہونے کے بعد ہی کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی شہری کے بینک اکاؤنٹ کے خلاف کارروائی مناسب قانونی اختیار اور مکمل تصدیق کے بغیر ہرگز نہیں ہونی چاہیے تاکہ بے گناہ صارفین کو مالی اور ذہنی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ سعید راجپوت نے کہا کہ اسٹیٹ بینک نے بینکوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ مؤثر اندرونی نگرانی کا نظام تشکیل دیں تاکہ غیر ارادی یا محض احتیاطی بنیادوں پر اکاؤنٹس پر پابندیاں عائد نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ان ہدایات پر سختی سے عمل درآمد سے عوام کے بینکاری نظام پر اعتماد میں اضافہ ہوگا اور صارفین کے بنیادی مالی حقوق کا بہتر تحفظ ممکن ہو سکے گا۔ انہوں نے مزید مطالبہ کیا کہ اسٹیٹ بینک تمام شیڈولڈ بینکوں کی جانب سے وصول کیے جانے والے مختلف سروس چارجز، اکاؤنٹ مینٹیننس فیس، ایس ایم ایس الرٹ چارجز، اے ٹی ایم استعمال کی فیس، انٹر بینک ٹرانزیکشن چارجز اور دیگر کٹوتیوں کا بھی جامع جائزہ لے۔

بقیہ 3

والی خطیر رقم کے ثمرات نہ شہریوں کو مل سکے اور نہ ہی ان مستحق سبزی، گوشت، مچھلی اور فروٹ فروشوں کو جن کے لیے یہ منصوبہ بنایا گیا۔ دوسری جانب وندر شہر میں ناجائز تجاوزات کے باعث ٹریفک جام بدستور شہریوں کے لیے دردِ سر بنا ہوا ہے جبکہ مارکیٹ کی بیشتر دکانیں مبینہ طور پر بند غیر فعال گوداموں اور کرایہ داری کے لیے استعمال ہونے کے الزامات کی زد میں ہیں۔ ذرائع کے مطابق دکانوں کی ابتدائی الاٹمنٹ کے دوران سوالات اٹھے اور سیاسی بنیادوں پر فرضی قرعہ اندازی اور من پسند افراد کو نوازنے کے الزامات بھی سامنے آئے۔ بتایا جاتا ہے کہ دکانیں ان شخصیات کو الاٹ کی گئیں جن کا سبزی، گوشت، مچھلی یا فروٹ کے کاروبار سے کوئی عملی تعلق نہیں تھا۔ جبکہ حقیقی مستحق کاروباری افراد سڑکوں فٹ پاتھوں اور بازاروں میں انتہائی مشکل حالات میں روزگار کرنے پر مجبور اور سرکاری سرپرستی سے محروم ہیں۔ وتیجٹیبل مارکیٹ کو فعال کیا جاتا تو وندر شہر میں بڑھتی ہوئی تجاوزات ٹریفک جام اور ہنگم کاروباری صورتحال پر بڑی حد تک قابو پایا جاسکتا تھا جس سے شہریوں کو صاف ستھرا کاروباری ماحول میسر آتا اور سرکاری منصوبہ حقیقی معنوں میں عوامی فلاح کا ذریعہ بنتا۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ مبینہ بدانتظامی غیر سنجیدہ نگرانی اور طویل تاخیر نے مارکیٹ کو غیر فعال عمارت بنا کر رکھ دیا ہے جو کھنڈرات میں تبدیل ہوتی جا رہی ہے۔ یہ بھی بتایا جاتا ہے کہ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ بلوچستان کے دورہ وندر کے موقع پر میونسپل کمیٹی وندر نے باضابطہ طور پر تجویز پیش کی کہ وتیجٹیبل مارکیٹ اس کے حوالے کی جائے

بقیہ 4

محکمہ موسمیات کے مطابق سبی، ڈیرہ مراد جمالی، جعفرآباد، نصیرآباد، گوادر، لسبیلہ، حب، خضدار، کوہلو، بارکھان اور دیگر گرم علاقوں کے ساتھ کوئٹہ میں بھی درجہ حرارت معمول سے کئی ڈگری زیادہ ریکارڈ کیا جا رہا ہے، جبکہ صبح 11 بجے سے شام 4 بجے تک سورج کی تپش میں مزید 6 سے 7 ڈگری سینٹی گریڈ تک اضافہ محسوس کیا جا رہا ہے، جس کے باعث شہریوں کو غیر ضروری طور پر گھروں سے باہر نہ نکلنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ شدید گرمی کے باعث صوبے بھر کے سرکاری اور نجی ہسپتالوں میں ہیٹ اسٹروک، ڈی ہائیڈریشن، لو بلڈ پریشر، بے ہوشی، چکر آنے، قے، اسہال اور معدے و آنتوں کی مختلف بیماریوں میں مبتلا مریضوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا جا رہا ہے۔ ماہرین صحت کا کہنا ہے کہ گرمی کی شدت میں مسلسل اضافہ انسانی صحت کے لیے خطرناک ثابت ہو سکتا ہے، اس لیے معمولی سی غفلت بھی سنگین طبی مسائل کا سبب بن سکتی ہے۔ میڈیکل اسپیشلسٹ ڈاکٹر حسن طاہر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ زیادہ تر مریض ایسے ہوتے ہیں جو طویل وقت تک دھوپ میں کام کرتے ہیں یا مناسب مقدار میں پانی استعمال نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا کہ بزرگ افراد، کم سن بچے، حاملہ خواتین، دل، شوگر، گردوں اور ہائی بلڈ پریشر کے مریض شدید گرمی سے سب سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں، لہٰذا ان طبقات کو خصوصی احتیاط کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر حسن طاہر کے مطابق جسم میں پانی اور نمکیات کی کمی ہیٹ ایکزاسٹن اور ہیٹ اسٹروک جیسی خطرناک پیچیدگیوں کو جنم دیتی ہے، جو بروقت علاج نہ ہونے کی صورت میں جان لیوا بھی ثابت ہو سکتی ہیں۔ انہوں نے شہریوں کو ہدایت کی کہ صبح 11 بجے سے شام 4 بجے تک بلاضرورت گھروں سے باہر نہ نکلیں، جبکہ مجبوری کی صورت میں سر کو ٹوپی، کیپ یا چھتری سے ڈھانپیں، ہلکے رنگ کے سوتی کپڑے پہنیں اور اپنے ساتھ پانی کی بوتل ضرور رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ روزانہ مناسب مقدار میں پانی، او آر ایس، لیموں پانی، تازہ جوس اور دیگر صحت بخش مشروبات کا استعمال جسم کو پانی کی کمی سے محفوظ رکھنے میں مدد دیتا ہے۔ دھوپ میں کام کرنے والے مزدور، ٹریفک پولیس اہلکار، ڈرائیورز اور دیگر محنت کش افراد وقفے وقفے سے سائے میں آرام کریں اور غیر ضروری جسمانی مشقت سے گریز کریں۔

بقیہ 5

صدر سوئی عبدالرحیم بگٹی ہیڈ محرر امان اللہ نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کر کے سابقہ لیویز مقدمہ میں مطلوب مفرور ملزم گل محمد بگٹی سکنہ سوئی مقدمہ 16/2025 بجرم زیر دفعہ 392.506².504.427.147.148.149 ppc میں حسب ضابطہ گرفتار کیا گیا مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 6

فارموں کی جمع کرانے کے عمل کا جائزہ لیا گیا، جبکہ اسکولوں کو درپیش بی ایس ڈی آئی سے متعلق مسائل اور کلسٹر بجٹ کی پیش رفت پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کو ہدایت کی کہ کلسٹر بجٹ سے متعلق جامع پریزنٹیشن تیار کر کے پیش کی جائے۔ انہوں نے کتابوں کی کمی کے مسئلے پر بھی بات کرتے ہوئے کہا کہ کتابوں کی قلت اور طلب کی تفصیلات فوری طور پر اس دفتر کو ارسال کی جائیں تاکہ موسم گرما کی تعطیلات کے اختتام اور نئے تعلیمی سیشن کے آغاز سے قبل کتابوں کی دستیابی یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ 7

ظہیر تھے۔ اس موقع پر متعلقہ محکموں کے افسران، رائز پروگرام کے نمائندگان، سماجی شخصیات اور مستفید ہونے والے نوجوانوں نے شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر افتخار ظہیر نے کہا کہ حکومتِ بلوچستان نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور انہیں معاشی طور پر خودکفیل بنانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ رائز پروگرام وزیرِ اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے وژن کا اہم حصہ ہے، جس کے ذریعے غریب اور کم آمدن رکھنے والے خاندانوں کو باعزت روزگار کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں تاکہ وہ اپنے لیے بہتر مستقبل کی بنیاد رکھ سکیں انہوں نے کہا کہ نوجوان کسی بھی معاشرے کا سب سے قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں، اس لیے حکومت ان کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے اور انہیں خود روزگار کی طرف راغب کرنے کے لیے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر عمل پیرا ہے۔

بقیہ 8

کر موجود افراد کو یرغمال بنا لیا اور 8 لاکھ روپے سے زائد نقد رقم موبائل فونز اور دیگر قیمتی سامان لوٹ لیا۔ اس دوران مزاحمت کرنے پر ستیش نامی ہندو تاجر معمولی زخمی ہو گیا۔ جبکہ واردات کے بعد ملزمان چند ہی لمحوں میں با آسانی فرار ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او وندر اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے اور ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ شہری حلقوں نے واقعے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وندر میں بڑھتی ہوئی وارداتوں نے تاجروں اور شہریوں کو عدم تحفظ کا شکار بنا دیا ہے۔ جبکہ جرائم پیشہ عناصر قانون کی گرفت سے باہر دکھائی دیتے ہیں۔ انہوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کر کے لوٹی گئی رقم اور سامان برآمد کیا جائے اور وندر میں امن و امان کی بحالی کے لیے اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 9

نظام کا مضبوط ترین ستون ہے۔ ایک مضبوط، فعال اور بااختیار پارلیمان ہی عوامی نمائندگی، مؤثر قانون سازی، احتساب اور شفاف حکمرانی کو یقینی بنانے کی ضامن ہوتی ہے وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ عالمی یومِ پارلیمان ہمیں آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی، جمہوری اقدار کے فروغ اور عوامی خدمت کے عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوری معاشروں کی ترقی کا انحصار ایسے مضبوط پارلیمانی اداروں پر ہے جو عوام کی خواہشات کے مطابق قانون سازی کریں اور قومی مفاد کو مقدم رکھیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان مضبوط، بااختیار اور مؤثر پارلیمانی روایات کے فروغ پر یقین رکھتی ہے اور صوبے میں جمہوری اداروں کے استحکام، شفافیت، جوابدہی اور قانون کی حکمرانی کے فروغ کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی عوام کے مسائل کے حل، مؤثر قانون سازی، عوامی مفادات کے تحفظ اور شفاف طرزِ حکمرانی کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے، جبکہ منتخب عوامی نمائندوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کے اعتماد پر پورا اترتے ہوئے آئین و قانون کی پاسداری اور قومی مفاد کو ہر حال میں مقدم رکھیں

بقیہ 10

اسکول عزیز اللہ کھیازئی، گورنمنٹ گرلز پرائمری اسکول سلیمان مری، گورنمنٹ مڈل اسکول بہرام خان کنڈرانی، گورنمنٹ پرائمری اسکول کھلیری بگٹی، گورنمنٹ پرائمری اسکول مبارک بگٹی، گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج ڈیرہ اللہ یار اور زیرِ تعمیر سول اسپتال کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر بی اینڈ آر بلڈنگز عرفان علی نے انہیں تمام منصوبوں کی پیش رفت سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی جبکہ سب ڈویژنل آفیسر محمد صدیق زہری بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔

بقیہ 11

بازار کا دورہ کیا دورے کے موقع پر انہوں نے اشیائے خوردونوش کے ریٹ معلوم کئے اور گراں فروشوں کے خلاف موقع پر کارروائیاں کرتے ہوئے جرمانے عائد کئے تاجروں کی جانب سے ٹماٹر، مرغی اور فروٹ کے نرخ زیادہ ہونے پر پرائس لسٹ کمیٹی نے متعدد دکانداروں پر جرمانے عائد کیے اور بعض دکانداروں کو موقع پر وارننگ دے کر سخت احکامات دیئے اسسٹنٹ کمشنر بختیار آباد میر بہادر خان بنگلزئی نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو گراں فروشوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جائے گا، شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، تاجر برادری ریٹ لسٹ نمایاں جگہ پر آویزاں کریں تاکہ شہریوں کو اشیاء خوردونوش کی خریداری میں آسانی ہو

بقیہ 12

سید محمد، ڈائریکٹر فنانس ذاکر مجید اور ڈپٹی ڈائریکٹر فنانس عبدالشکور نے شرکت کی۔ اجلاس میں مالی سال 2025-26 کی مالی کارکردگی، آمدن و اخراجات کی تفصیلی رپورٹ، نظرثانی شدہ تخمینوں اور آئندہ مالی سال 2026-27 کے بجٹ تخمینوں کا جامع جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ غیر ترقیاتی اخراجات میں کفایت شعاری، شفافیت، سخت مالی نظم و ضبط، مؤثر نگرانی اور غیر ضروری اخراجات پر قابو پانے کی پالیسی کے نتیجے میں جی ڈی اے نے مالی سال 2025-26 کے دوران تقریباً 13 کروڑ روپے سے زائد کی نمایاں بچت کی ہے۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ مذکورہ بچت فیول (POL)، میڈیکل، ٹی اے/ڈی اے، ریفرشمنٹس، ٹرانسپورٹ اور یوٹیلیٹی بلز سمیت مختلف مدات میں اخراجات کے مؤثر انتظام اور کفایت شعاری کی پالیسی کے باعث ممکن ہوئی۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمن خان نے کہا کہ ادارے میں مالی نظم و ضبط، شفافیت اور احتساب کے نظام کو مزید مضبوط اور مؤثر بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ادارے کے مالیاتی امور، حسابات اور بجٹ مینجمنٹ کو جدید تقاضوں کے مطابق پیشہ ورانہ بنیادوں پر استوار کیا جائے

بقیہ 13

پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا دیہی اور شہری عوام سخت پریشانی سے دوچار تمبو کے سینکڑوں دیہاتوں میں پانی کی عدم فراہمی سے مال مویشی مرنے لگے حکام بالا سے نوٹس لینے اور پانی کی فراہمی کی اپیل تفصیلات کے مطابق نصیرآباد، جعفرآباد جھل مگسی کچھی بھاگ ناڑی صحبت پور اوستہ محمد گنداخہ ڈیرہ اللہ یار نوتال بختیارآباد لہڑی گاجان گنداواہ فرید آباد حیردین تمبو منجھوشوری لانڈھی شریف اور ڈیرہ مراد جمالی چھتر فلیجی شہنشاہ میر حسن مانجھوٹی سکندرآباد دولت گھاڑی چٹن پٹی مہو پور روجھان جمالی ودیگر نواحی علاقوں میں قیامت خیز گرمی نے انسانی زندگی کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے شدید گرمی تپتی دھوپ اور گرم ہواؤں کا راج رہا جس سے مختلف علاقوں سے امدہ اطلاعات کے مطابق گرمی سے درجنوں افراد بے ہوش ہو گئے جن کو قریبی ہسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ درجہ حرارت 51 سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا بیشتر سرکاری دفاتر ویران رہے جبکہ بازاریں مارکیٹس سنسان اور لوگ اپنے گھروں تک محدود ہو کر رہ گئے برف اور ٹھنڈے مشروبات کی مانگ میں زبردست اضافے سے انکی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا برف فی کلو ایک سو سے ایک سو پچاس روپے تک فروخت ہونے لگا جبکہ بجلی کی بندش اور طویل ترین لوڈشیڈنگ کے باعث عوام چیخ اٹھے

بقیہ 14

افسران اور عملے کو واضح ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں جبکہ اریگیشن عملے کی کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ پٹ فیڈر کینال اور ذیلی شاخوں کے دورے کے موقع پر انہوں نے کہا کہ سندھ حکام کی جانب سے پٹ فیڈر کینال کو اپنے حصے سے کم پانی فراہم کیے جانے کے باعث مسائل میں اضافہ ہوا ہے، تاہم دستیاب پانی کی شفاف اور منصفانہ تقسیم ہماری اولین ترجیح ہے اور اس عمل کی مسلسل نگرانی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دھان خریف سیزن کی روایتی فصل ہے جسے دیگر فصلوں کے مقابلے میں دو سے تین گنا زیادہ پانی درکار رہتا ہے، جبکہ پٹ فیڈر کینال کا نظام بنیادی طور پر خشک فصلوں کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے، اسی لیے بڑھتی ہوئی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے آف ٹیکنگ چینلز کے لیے روٹیشن پلان ترتیب دیا گیا ہے تاکہ تمام کاشتکاروں کو منصفانہ بنیادوں پر پانی فراہم کیا جاسکے۔ البتہ تعمیر ڈسٹری بیوٹری کو روٹیشن سے مستثنیٰ رکھا جائے گا اور اس کا گیج ضرورت کے مطابق برقرار رکھا جائے گا۔ انہوں نے سب ڈویژنل افسران کو ہدایت کی کہ روٹیشن کے دوران تمام چینلز میں دستیاب پانی کے گیج کو برقرار رکھا جائے، بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا جائے اور نظام پر دن رات گشت کرتے ہوئے کسی بھی بے ضابطگی کی فوری روک تھام کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 15

وہ تمام مستحقین جنہوں نے 24 جون 2026 یا اس سے قبل بی آئی ایس پی کے متعلقہ دفاتر سے اپنی سم وصول کر لی ہے، وہ مقررہ ایجنٹس یا مجاز ریٹیلرز کے پاس جا کر اپنی امدادی رقم وصول کر سکتے ہیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر اسفندیار کاکڑ نے کہا کہ جن مستحقین نے ابھی تک اپنی سم وصول نہیں کی، وہ بلاتاخیر بی آئی ایس پی کے متعلقہ دفاتر سے اپنی سم حاصل کریں۔ سم کے اجراء کے 10 دن بعد وہ بھی متعلقہ ایجنٹس سے اپنی امدادی رقم وصول کرنے کے اہل ہوں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ مستحقین اپنی امدادی رقم 24 گھنٹے کسی بھی مجاز بی آئی ایس پی ریٹیلر سے وصول کر سکتے ہیں۔ انہوں نے مستحقین پر زور دیا کہ وہ صرف مجاز ایجنٹس اور ریٹیلرز سے ہی رقم وصول کریں، کسی غیر متعلقہ فرد یا ایجنٹ کو کوئی رقم یا کمیشن ادا نہ کریں

بقیہ 16

ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر نے مارکیٹ کی ابھرتی اور بدلتی ہوئی ضروریات کے مطابق تمام تعلیمی پروگراموں کو ہم آہنگ کرنے کے لیے وضع کردہ جامع منصوبے پر مؤثر عمل درآمد کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کے تعاون اور اپنے وسائل سے فیکلٹی اور انتظامی عملے کی استعداد کار بڑھانے کے لیے تربیتی ورکشاپس کا انعقاد کیا جائے گا تاکہ تدریسی و انتظامی امور میں جدید ٹیکنالوجی کو بہتر انداز میں استعمال کیا جاسکے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ یونیورسٹی میں ڈائریکٹوریٹ آف کنٹینیوئس ڈویلپمنٹ (سی پی ڈی) جلد قائم کیا جائے گا۔ انہوں نے ڈائریکٹر کیو ای سی کو تدریسی شعبہ جات کے سربراہان کے تعاون سے ایک منظم ایلومنائی ٹریسر سسٹم قائم کرنے کے لئے اقدامات کو تیز کرنے کی بھی ہدایت کی۔ انہوں نے یونیورسٹی میں کوالٹی کو یقینی بنانے کے لیے کیو ای سی اور فیکلٹی ممبران کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ کوالٹی اشورنس کسی ایک فرد یا آفس کی نہیں بلکہ ایک اجتماعی اور ادارہ جاتی ذمہ داری کا نام ہے اسی لئے سب کو اپنا اپنا کردار ادا کرنا چاہیئے

بقیہ 17

، آپسی تنازعات، قتل و غارت کے روزمرہ واقعات اور بالخصوص مسلح افراد و گروہوں کے ہاتھوں مقامی افراد پر ظلم و زیادتی کے بڑھتے ہوئے واقعات پر شدید تشویش اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ امن و امان کی موجودہ ابتر صورتحال جعلی فارم 47 کی پیداوار حکومت کی مکمل ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون علاقوں کے عوام عدم تحفظ، خوف اور بے یقینی کی کیفیت میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، جبکہ حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے۔ سید صادق آغا نے کہا کہ صوبے کے متعدد علاقوں میں آئے روز قتل، اغوا، بھتہ خوری، مسلح جھڑپوں اور قبائلی تنازعات کے واقعات رونما ہو رہے ہیں، لیکن متعلقہ ادارے مؤثر کارروائی کرنے میں ناکام دکھائی دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب کسی ریاست میں شہری خود کو غیر محفوظ سمجھنے لگیں تو یہ حکمرانوں کی کارکردگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہوتا ہے۔ حکومت کی اولین ذمہ داری عوام کو امن فراہم کرنا ہے۔ مگر بدقسمتی سے بلوچستان کے عوام آج بھی اس بنیادی حق سے محروم ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پشتون علاقوں میں ریاستی رٹ فوری طور پر بحال کی جائے، مسلح گروہوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے

بقیہ 18

، جوابدہی اور عوامی شراکت داری کو بنیاد بنا کر ہماری ترجیحات میں عوامی سہولیات کی فراہمی، صحت، تعلیم، روزگار اور بنیادی انفراسٹرکچر کی بہتری شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں صوبے بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں میں پیشرفت، اشیاء خوردونوش کی قیمتوں پر نگرانی، ذخیرہ اندوزی کے خلاف کارروائیوں، غیر قانونی طور پر مقیم تارکین وطن کی واپسی اور کھلی کچہریوں میں عوامی شکایات کے ازالے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن سیکشن نے کل 3,020 ترقیاتی منصوبوں میں سے 2,898 منصوبوں کا دورہ کیا جن میں سے 2,382 سکیمات مکمل پائی گئیں۔ پی ایس ڈی آئی کے فیز-1 اور فیز-2 کے تحت کل 2,178 منصوبوں میں سے 1,765 اسکیمات مکمل ہو چکی ہیں جبکہ باقی منصوبے بھی جلد مکمل کر لیے جائیں گے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ ترقیاتی منصوبے عوام کی معیارِ زندگی بہتر بناتے ہیں کیونکہ یہ بنیادی سہولتوں، روزگار، تعلیم، صحت اور رابطہ کاری میں بہتری لاتے ہیں۔ جب یہ منصوبے بروقت اور مؤثر طریقے سے مکمل ہوں تو ان کے فائدے براہِ راست عام آدمی تک پہنچتے ہیں۔ اجلاس میں ضلعی انتظامیہ نے متعلقہ اضلاع میں قیمتوں کے استحکام کے لیے مارکیٹس کا دورہ کیا۔ اشیاء خوردونوش کی قیمتوں کا جائزہ لیا جا رہا ہے تاکہ کوئی بھی سرکاری نرخوں سے زیادہ پر اشیاء نہ بیچے۔ انہوں نے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت کی تاکہ عام عوام کو مناسب نرخوں پر اشیاء میسر ہوں۔ غیر قانونی طور پر مقیم تارکین وطن کی وطن واپسی کے اقدامات پر بھی بریفنگ دی گئی کہ اب تک بلوچستان سے تقریباً 8 لاکھ افراد کو واپس بھیجا جا چکا ہے

بقیہ 19

ڈویژن اور کمشنر لاڑکانہ ڈویژن سے رابطہ کیا، جس کے دوران نہروں میں پانی کی فراہمی، محکمہ آبپاشی کے مابین رابطہ کاری اور آئندہ لائحہ عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ کمشنر سکھر ڈویژن نے یقین دہانی کرائی کہ نہری نظام میں جاری مرمت و ترقیاتی کام مکمل ہو چکے ہیں اور یکم جولائی 2026 سے ارسا (IRSA) کی جانب سے مقررہ حصے کے مطابق بلوچستان کو کیرتھر اور پٹ فیڈر کینالز کے ذریعے پانی کی فراہمی بحال اور بڑھا دی جائے گی۔ کمشنر صلاح الدین نورزئی نے کہا کہ نصیرآباد بلوچستان کا واحد گرین بیلٹ ہے جہاں سے صوبے کی غذائی ضروریات کا بڑا حصہ پورا ہوتا ہے، لہٰذا بروقت پانی کی عدم فراہمی سے زراعت کو ناقابلِ تلافی نقصان پہنچ سکتا ہے، اسی لیے بین الصوبائی اور ڈویژنل سطح پر رابطوں کو مزید مؤثر بنایا گیا ہے تاکہ بوائی کے بعد بلوچستان کو اس کے جائز حصے کا پانی بروقت مل سکے

بقیہ 20

فائرنگ ایک شخص ہلاک جبکہ راہگیر سمیت تین افراد زخمی ہوئے۔ پولیس کے مطابق اوستہ محمد سٹی پولیس تھانے کی حدودداری لاڑو جیلانی ٹاؤن کے قریب مقامی پٹرول پمپ کے مقام پر عدالت میں پیشی پر جانے والے لانگو قبیلے کے افراد پر مسلح موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں ایک شخص ساجن علی لانگو موقع پر ہی جاں بحق جبکہ ایک راہگیر سمیت تین افراد طارق علی لانگو، وحید پندرانی اور مارشلاء خان لانگو شدید زخمی ہو گئے واقعے کے بعد ملزمان فرار ہو گئے واقعے کی اطلاع پر ایس ایس پی اوستہ محمد ایس ایچ او سٹی بھاری پولیس نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے واقعے میں ہلاک اور زخمیوں کو فوری طور پر سول ہسپتال اوستہ محمد منتقل کر دیا گیا

بقیہ 21

منعقد کرتے ہیں جس کا مقصد محض جلسہ کرنا نہیں ہے بلکہ لوگوں کو براہ راست سننا، ان کے اصل مسائل کو سمجھنا اور عملی حل نکالنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آواران میں ایک عوامی جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وزیرِاعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، کمانڈر بارہ کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان، قدر من چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، انسپکٹر جنرل پولیس طاہر خان، سیاسی رہنماء، قبائلی عمائدین، علمائے کرام اور ضلعی انتظامیہ سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوامی سیاست ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ ایک سیاسی رہنما اپنے عوام سے قریبی اور مسلسل تعلق رکھنے کے نتیجے میں عزت و عظمت پاتا ہے۔ عوام کی آوازیں، خدشات اور خواہشات ہمیشہ ہمارے فیصلوں اور پالیسیوں کی رہنمائی کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جرگہ ہمارے قومی ورثے اور روایتی زندگی کا ایک انمول حصہ ہے۔ صدیوں سے جرگہ نے مشاورت، مفاہمت اور اجتماعی فیصلہ سازی کیلئے ایک معزز ادارے کے طور پر کام کیا ہے۔ جرگہ باہمی احترام، مشترکہ ذمہ داری اور ہماری قومی اقدار کی عکاسی کرتا ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ مجھے پاکستان اور خاص طور پر بلوچستان کا مستقبل بہت روشن نظر آرہا ہے۔ ہمارا پورا صوبہ بے پناہ قدرتی وسائل، اسٹریٹجک اہمیت اور غیر معمولی انسانی صلاحیتوں سے مالا مال ہے۔ مکران اور گوادر میں جو معاشی اور تجارتی تبدیلیاں رونما ہونے والی ہیں۔ آواران اور اردگرد کے علاقوں کے لوگ ترقی و پیشرفت کے اس نئے دور سے زیادہ مستفید ہونگے۔ یہ حقیقت ہے کہ کوئی بھی ترقی اس وقت تک معنی خیز نہیں ہو سکتی جب تک اس کے ثمرات عام عوام تک نہ پہنچیں۔ آپ گواہ رہیں کہ ہمارے تمام جرگے معاشرے کی خاموش اکثریت کی آواز بنیں گے۔ اسطرح کے عوامی جرگے ضلعی انتظامیہ اور تمام سرکاری اداروں کے آفیسران کو بھی مزید فعال بنائیں گے کیونکہ یہی جرگے انہیں لوگوں کی ضروریات کیلئے زیادہ مؤثر طریقے سے جواب دینے کی ترغیب دیتے ہیں۔ گورنر جعفر خان نے کہا کہ ہم ہر مسئلے کو پولیٹیکل ڈائیلاگ، اجتماعی دانش اور قانون کے دائرے میں حل کرنے پر یقین رکھتے ہیں۔ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ بعض علاقے بدامنی کا سامنا کر رہے ہیں لیکن مسلسل مذاکرات، باہمی اعتماد اور آئین پاکستان کے احترام کے ذریعے ہم دیرپا امن، سیاسی استحکام اور معاشی خوشحالی حاصل کر سکتے ہیں۔ آخر میں انہوں نے یہ امید ظاہر کی کہ آج کا یہ عوامی جرگہ ضرور مثبت نتائج پیدا کریگا، امن و امان کو مضبوط کریگا اور لوگوں کے درمیان بھائی چارے کو فروغ دیگا۔

بقیہ 22

مالیاتی ادارے مکمل طور پر بند رہے جبکہ انجمن تاجران کے صدر شیخ منیر احمد کی سربراہی میں بازار کا جرگہ ہوا جرگہ سے شیخ منیر احمد مفتی عبادالرحمٰن۔ امیر عادل نوشیروانی۔ طاہر محمد حسنی۔ تاجر حاجی محمد عارف محمد حسنی اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خاران میں امن و امان کی صورتحال انتہائی مخدوش ہو گیا ہے رات کو دکانوں موٹر سائیکل شورومز کے تالے توڑے جاتے ہیں اور دن میں ہول سیل دکانداروں اور موبائل شاپ دکانوں کو لوٹا جاتا ہے کئی بار خاران انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے یقین دہانی کرایا گیا ہے لیکن عملی طور پر کوئی کارروائی سامنے نہیں آتا ہے پولیس مسلح افراد کے سامنے بے بس دکھائی دے رہا ہے مجبوراً ہم نے غیر معینہ مدت کے لیے بازار بند کر دیا ہے اگر ہمارے دکانوں گھروں کو ان چوروں ڈاکوؤں سے محفوظ بنانے کے لیے اقدامات نہیں اٹھائے گئے خاران میں آئے دن چوری ڈکیتی کے وارداتوں میں اضافہ سے کاروباری و تجارتی نظام مکمل طور پر متاثر ہو گئی ہیں

بقیہ 23

ہے، قومی پالیسیوں کی سمت متعین ہوتی ہے اور اجتماعی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے مستقبل کا تعین کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر سال 30 جون کو منایا جانے والا بین الاقوامی یومِ پارلیمان اس حقیقت کی تجدید کا دن ہے کہ مضبوط، خودمختار اور باوقار پارلیمانی ادارے ہی جمہوری استحکام، قانون کی بالادستی، شفاف طرزِ حکمرانی اور عوامی اعتماد کی ضمانت ہوتے ہیں۔ ایک فعال پارلیمان نہ صرف عوامی مسائل کا مؤثر حل پیش کرتی ہے بلکہ قومی یکجہتی، سماجی انصاف اور پائیدار ترقی کے فروغ میں بھی کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ سینیٹ آف پاکستان وفاق کی وحدت، آئینی بالادستی اور جمہوری روایات کے استحکام کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری سنجیدگی اور عزم کے ساتھ نبھا رہی ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ مؤثر قانون سازی، عوامی امنگوں کی ترجمانی، پارلیمانی نگرانی اور بین الپارلیمانی تعاون ایسے بنیادی ستون ہیں جو ریاستی اداروں کو مضبوط اور جمہوری نظام کو مستحکم بناتے ہیں۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ موجودہ عالمی منظرنامے میں پارلیمانی سفارت کاری کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ چکی ہے، کیونکہ پارلیمانیں بین الاقوامی تعاون، علاقائی امن، باہمی احترام اور مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مؤثر کردار ادا کر سکتی ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان عالمی پارلیمانی برادری کے ساتھ اپنے تعلقات کو مزید وسعت دینے اور باہمی تعاون کو فروغ دینے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔ انہوں نے خواتین، نوجوانوں اور معاشرے کے تمام طبقات کی فعال اور مؤثر نمائندگی کو ایک جامع اور مضبوط جمہوری نظام کی بنیادی ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا کہ ترقی یافتہ اور مستحکم معاشرے وہی ہوتے ہیں جہاں ہر شہری کو مساوی مواقع، مؤثر نمائندگی اور قومی فیصلوں میں بھرپور شرکت حاصل ہو

بقیہ 24

، اسسٹنٹ کمشنر منصور شاہ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبد الستار لانگو، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر جہانزیب بلوچ، پولیو آفیسر ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن ڈاکٹر صلاح الدین، اے ڈی ایچ او ڈاکٹر سہیل، ڈپٹی ڈائریکٹر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام محمد آصف بگٹی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر منیر احمد گورگیج، بینظیر وومن سینٹر مس رخشندہ، ڈسٹرکٹ ڈیٹا آفیسر تعمیر خلق فاؤنڈیشن ریاض احمد بلوچ، الحاج صوفی سلیمان نقشبندی، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر آئی ایس ڈی میر وائس خان، مانیٹرنگ آفیسر ہیلتھ شعیب احمد نجگ، ڈسٹرکٹ سپورٹ آفیسر لیڈی ہیلتھ ورکرز پروگرام مس بانو ارباب، فیسلیٹیشن سینٹر بینظیر نشوونما پروگرام مس رابعہ عزیز، ڈسٹرکٹ پروگرام آفیسر اسلامک ریلیف حفیظ اللہ رئیسانی، آفس اسسٹنٹ پی پی ایچ آئی شوکت علی صاحب اور بڑی تعداد میں سول سوسائٹی، محکمہ صحت، اساتذہ اور خواتین نے شرکت کی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے معزز ڈپٹی کمشنر ضلع سبی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبد الستار لانگو، پرنسپل گرلز ہائی سکول مس منزہ نورین، بینظیر وومن سینٹر کے مس رخشندہ، ڈسٹرکٹ سپورٹ آفیسر لیڈی ہیلتھ ورکرز پروگرام مس بانو ارباب اور ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوآرڈینیٹر حاجی بلوچ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی قوم کا مستقبل اس کے بچوں سے وابستہ ہوتا ہے اور بچوں کی شخصیت و مستقبل والدین کی آغوش میں تشکیل پاتا ہے۔ انہوں نے بچے کی زندگی کے ابتدائی 1000 دنوں (حمل سے لے کر دو سال کی عمر تک) کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ اس سنہری عرصے میں بچے کے دماغ کی تقریباً 80 فیصد نشوونما ہوتی ہے۔ متوازن غذا، ماں کے دودھ، بروقت حفاظتی ٹیکے، غذائی حفاظتی ٹیکے، شبت والدین کی توجہ اور محبت بھرا ماحول بچے کو غذائی قلت سے محفوظ رکھتے ہوئے اس کی ذہنی، جسمانی اور تعلیمی صلاحیتوں کو پروان چڑھاتا ہے۔ ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوآرڈینیٹر نے بات کرتے ہوئے کہا کہ شدید غذائی قلت کے شکار بچوں کے علاج کے لیے 8 آؤٹ پیشنٹ تھیراپیٹک پروگرام (OTP) سینٹرز فعال ہیں، جن میں ون پی سینٹر ڈی ایچ کیو ہسپتال سبی، اوٹی پی سینٹر ایم سی ایچ سبی، اوٹی پی سینٹر آر ایچ سی لہڑی، اوٹی پی سینٹر بی ایچ یو سلطان کوٹ، اوٹی پی سینٹر سول ڈسپنسری مرغزانی، اوٹی پی سینٹر سول ڈسپنسری منڈائی، اوٹی پی سینٹر آر ایچ سی بختیارآباد، اوٹی پی سینٹر آر ایچ سی لہڑی ان مراکز میں شدید غذائی قلت کے شکار بچوں کی تشخیص، علاج، غذائی سپلیمنٹس اور والدین کی رہنمائی کی خدمات فراہم کی جا رہی ہیں اور 30 نیوٹریشن سائٹس یونیسیف کے تعاون لیڈی ہیلتھ ورکرز پروگرام کے تحت کام کر رہے ہیں جس میں لیڈی ہیلتھ ورکرز اپنے کیچمنٹ ایریا میں کام کر کے شدید غذائی کی کے شکار بچوں کو اوٹی پی سینٹر ریفر کرتے ہیں اور کمیونٹی میں آگاہی سیشنز کا انعقاد بھی کرتی ہیں اس کے علاوہ بینظیر نشوونما پروگرام کے تحت دو نشوونما فیسلیٹیشن سینٹرز (ڈی ایچ کیو ہسپتال سبی اور آر ایچ سی لہڑی) فعال ہیں جہاں حاملہ خواتین، دودھ پلانے والی ماؤں اور دو سال سے کم عمر کے بچوں کو غذائیت، صحت اور شبت والدین کی تربیت کی خدمات دی جا رہی ہیں سیمینار میں International Day of Play، *Protect Play* Childhood Protect کے پیغام کا حوالہ دیتے ہوئے زور دیا گیا کہ والدین بچوں کے ساتھ کھیل کر، کہانیاں سناتے ہوئے اور مثبت بات چیت کے ذریعے بچے کی شخصیت کو مضبوط بنائیں۔ بچوں کی بہتر پرورش والدین کے ساتھ ساتھ حکومت، محکمہ صحت، تعلیم، مقامی حکومتوں، میڈیا، سول سوسائٹی اور کمیونٹی کی مشترکہ ذمہ داری ہے مقررین نے تمام والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے بچوں کو اچھی خوراک کے ساتھ وقت، محبت اور مثبت تربیت بھی دیں۔ انہوں نے عزم کا اظہار کیا کہ ضلع سبی کا کوئی بھی بچہ غذائی قلت، محبت، تعلیم اور محفوظ بچپن سے محروم نہیں رہے گا

بقیہ 25

کی شیڈول کے مطابق امیدوار 18 جولائی 2026 تک اپنے کاغذات نامزدگی واپس لے سکیں گے جبکہ پولنگ 9 اگست 2026 کو ہوگی۔ نوٹس میں بتایا گیا ہے کہ کاغذات نامزدگی اسسٹنٹ کمشنر آفس میں آر ڈی اے رو ڈوالفل میں صبح 8 بجے سے شام 4 بجے تک وصول کیے جائیں گے۔

بقیہ 26

پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے عبدالقادر بلوچ نے کہا کہ انہوں نے 17 جولائی 2025 کو عملی سیاست کو خیرباد کہنے کا اعلان کیا تھا، تاہم قومی مفاد کے معاملات پر آواز اٹھانا اپنی ذمہ داری سمجھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی ملک کی ترقی اس وقت حقیقی ترقی کہلاتی ہے جب اس کے ثمرات ملک کے ہر خطے تک یکساں طور پر پہنچیں۔ ان کے مطابق خاران۔ بسیمہ 100 کلومیٹر سڑک منصوبہ مغربی بلوچستان، گوادر، تفتان، ایران، ریکوڈک، سیندک، خاران اور واشک کو آپس میں ملانے والا نہایت اہم قومی منصوبہ ہے، جس سے نہ صرف مغربی قومی شاہراہ وجود میں آئے گی۔ عبدالقادر بلوچ نے کہا کہ اس منصوبے کی فزیبلٹی دسمبر 2020 میں مکمل ہونا تھی، مگر پانچ سال گزرنے کے باوجود منصوبہ شروع بھی نہیں ہو سکا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ منصوبے کی فزیبلٹی فوری مکمل کر کے، پی سی ون کی منظوری دی جائے، فنڈ مختص کیے جائیں اور تعمیراتی کام بلاتاخیر شروع کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ خاران اور واشک کے عوام نے ہمیشہ پاکستان کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے، اب وقت آگیا ہے کہ قومی ترقی کے ثمرات مغربی بلوچستان تک بھی مساوی طور پر پہنچیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کی ترقی درحقیقت پاکستان کی ترقی ہے۔ امن و امان کی صورتحال پر اظہار خیال کرتے ہوئے عبدالقادر بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں امن قائم کرنا صوبائی اور وفاقی حکومتوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ اس وقت بلوچستان میں کوئی ترقیاتی کام نہیں ہو رہا، تاہم بعض اہم منصوبے مسلسل نظرانداز ہو رہے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر بھی افسوس کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے منتخب نمائندے عوامی مسائل پر مؤثر آواز بلند نہیں کر رہے۔

بقیہ 27

کی کارکردگی اور مریضوں کو دی جانے والی خدمات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مریضوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا بھی کی اور طبی عملے کی خدمات کو سراہا۔ اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے پاک بحریہ کی جانب سے تقریباً سات سال سے بند شفاء ہسپتال کو دوبارہ فعال کرنے کے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ گوادر کے عوام کے لیے ایک اہم اور خوش آئند پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس ہسپتال کی بحالی سے نہ صرف مقامی شہریوں بلکہ گرد و نواح کے علاقوں کے عوام کو بھی بہتر طبی سہولیات میسر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ معیاری اور بروقت طبی سہولیات ہر شہری کا بنیادی حق ہیں، اور صحت کے شعبے میں ایسے اقدامات عوامی فلاح و بہبود کے لیے انتہائی اہمیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے پاک بحریہ کی اس کاوش کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام گوادر میں صحت کے شعبے کی بہتری میں مثبت کردار ادا کرے گا۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے امید ظاہر کی کہ پاک بحریہ مستقبل میں بھی عوامی فلاح و بہبود کے ایسے منصوبے جاری رکھے گی تاکہ گوادر کے عوام کو بہتر، معیاری اور جدید طبی سہولیات میسر آسکیں۔ انہوں نے اس عزم کا بھی اعادہ کیا کہ ضلع گوادر میں صحت کے شعبے کی بہتری اور عوام کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنی کوششیں ہر سطح پر جاری رکھیں گے۔

بعدالت اسپیشل جج ATC گوادر
اشتہار زیر دفعہ 87 ض ف پاکستان
FIR نمبر 58/26 سرکار بنام: نور خان وغیرہ CTD تھانہ مکران
ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمی نجیب عرف BK ولد محمد خان قوم بلوچ سکنہ سامی تربت ضلع کیچ جرم دہشتگردی کا جس کی سزا مجموعہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ 4/5 ایکسپلوزیو ایکٹ 34,7ATA تب میں مقرر ہے مرتکب ہوا ہے (یا اس کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بہ طبق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مسمی نجیب عرف BK ولد محمد خان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتا اور ہرگاہ حسب الاطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مسمی نجیب عرف BK ولد محمد خان مذکورہ فرار ہو گیا ہے یا اس نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کر لیا ہے لہٰذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمی نجیب عرف BK ولد محمد خان سکنہ سامی تربت کیچ کو لازم ہے بتاریخ 06 اگست 2026ء کو بمقام گوادر اس عدالت میں (باہمارے روبرو) نالش مذکور کی جوابدہی کیلئے حاضر ہو۔
اسپیشل جج ATC گوادر
PRQ No 5710/30-06-2026
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM
With reference to the advertisement bearing PRQ No. 5670/29-06-2026 published in various newspapers regarding the appointment of Chief Executive Officer (CEO), Pak Oman Hospital, Pasni. It is clarified that the words "Walk-in Interview" appearing in the advertisement may be read as "Online Applications through HRMIS Portal". Accordingly, interested eligible candidates are required to submit their applications online through the HRMIS Portal at link https://jobs.hrmishealth.com within the prescribed closing date.
No walk-in interview/application shall be entertained. All other terms and conditions of the advertisement shall remain unchanged
PRQ No.5715/30-6-2026
CHIEF PLANNING OFFICER
HEALTH DEPARTMENT
www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

میں کہا گیا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری نے وزیر اعظم شہباز شریف کے مشورے پر آرڈیننس جاری کیا۔

بقیہ 4

پر دباؤ بڑھ رہا ہے اور یہ ترقی کیلئے بڑا چیلنج ہے۔ منگل کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے ان خیالات کا اظہار بہبود آبادی کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اعظم

...الاقوامی ماہرین کو اکٹھا کیا گیا ہے تاکہ پانی کی قدر، ماحولیاتی تبدیلی، پانی کی کمی اور سب سے بڑھ کر سندھ طاس معاہدے کی اہمیت پر گفتگو کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی ایشیاء دنیا کی تقریباً ایک چوتھائی آبادی کا مسکن ہے۔ ہمارا اجتماعی مستقبل اس بات پر منحصر ہے کہ ہم پانی کو تنازعے کے بجائے تعاون کے ذریعے میں تبدیل کریں۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ یہ سبق دیتی ہے کہ دریا تہذیبوں کو

TENDER NOTICE

TSE-252606111743 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB The Project Director Chief Minister Package for Quetta Development invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	U-TURNS AT AIRPORT ROAD (SIGNAL FREE CORRIDOR)	901,920,840

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 630,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-2 and above (Upto 1000 million) In Relevant Category And Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works) , CE01-(i) (Road and Pavements Drainage & Retaining Structure). Bid Security of 2% of estimated cost Tender processing fee of amount Rs. 1000 in account No. C02716 having head, PD, CMPQD. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **17 July, 2026** till **02:30 PM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **03:30 PM on EPPS System Address:** House No. 81-A Chaman Housing Scheme Airport Road Quetta

Phone no: 0812864466 **Email:** dpquettacity@gmail.com

AB No.1517/30-6-2026

Project Director
Chief Minister Package for Quetta Development

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان کے ہمراہ شکیل احمد کی قیادت میں سوشل ورک ڈیپارٹمنٹ یونیورسٹی آف بلوچستان کوئٹہ کے انٹرنز، قومی کمیشن برائے انسانی حقوق بلوچستان کے فوکل پرسنز کا ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

ہرنائی، زرغون غر سے مسلح افراد نے 6 مزدوروں کو اغوا کر لیا

رغون غر شعبان میں مسلح افراد نے جلات خان، محمد ہاشم، کمال خان، جہانگیر خان، محمد عظیم اور روزے خان ولد فضل خان کو اغوا کر کے اپنے ساتھ لے گئے

اغوا کئے گئے مزدور زرغون غر کے مقامی ہیں اور دمڑ قبیلے سے تعلق رکھتے ہیں، علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع ہرنائی کے علاقے زرغون غر سے مسلح افراد نے چھ مزدوروں کو اغوا کر لیا، مزدور زرغون غر کے مقامی اور نجی گیس کمپنی کے ملازم ہیں۔ پولیس حکام نے بتایا کہ ضلع ہرنائی کی تحصیل شاہرگ کے علاقے زرغون غر شعبان میں مسلح افراد نے (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر)

تحصیل وڈھ، کاکا ہیر ٹک کراس پر نامعلوم افراد نے آگ لگا کر پرچون کی دکان جلا دی

خضدار (یو این اے) تحصیل وڈھ کے علاقے کاکا ہیر ٹک کراس پر نامعلوم افراد نے آگ لگا کر ایک دکان کو جلا دیا۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل وڈھ کے علاقہ کاکا ہیر ٹک کراس پر واقع ایک پرچون کی دکان کو رات گئے نامعلوم افراد نے پیٹرول چھڑک کر آگ لگا دی

ڈیرہ مراد جمالی، گولی لگنے سے نوجوان زخمی

یرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب گولی لگنے سے پندرہ سالہ نوجوان شدید زخمی ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب چھتر پولیس تھانے کی حدود شیرانی میں اچانک ٹی ٹی پسٹل سے گولی چلنے سے پندرہ سالہ نوجوان نبی بخش ولد کریم بخش جھکرانی زخمی ہو گیا

اسٹیٹ بینک کی جانب سے صارفین کے تحفظ کے اقدامات قابل تعریف ہیں، سعید راجپوت

عدالتی احکامات کی روشنی میں بینکوں کے لیے نئے ضابطہ کار پر سختی سے عمل درآمد وقت کی اہم ضرورت ہے

کراچی (پ ر) سول سوسائٹی ایسوسی ایشن آف پاکستان کے چیئرمین سعید راجپوت نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے عدالتی احکامات کی روشنی میں ملک بھر کے بینکوں کے لیے جاری کیے گئے نئے ہدایت نامے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے بینکاری نظام میں (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر)

وندر میں کروڑوں کی لاگت سے تعمیر کردہ وجیٹیبل مارکیٹ فعال نہ ہو سکی

وندر شہر میں ناجائز تجاوزات کے باعث ٹریفک جام بدستور شہریوں کے لیے دردِ سر بنا ہوا ہے

سونمیانی وندر (زبیر بلوچ) عوامی فلاح تجاوزات کے خاتمے اور غریب کاروباری طبقے کو باعزت روزگار کی فراہمی کے دعوؤں کے ساتھ سابقہ دورِ حکومت میں کروڑوں روپے کی لاگت سے تعمیر کی گئی وجیٹیبل مارکیٹ فعال نہ ہو سکی۔ سرکاری خزانے سے خرچ ہونے (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر)

حکومت مضبوط، بااختیار اور مؤثر پارلیمانی روایات کے فروغ پر یقین رکھتی ہے، وزیر اعلیٰ

پارلیمان عوام کی امنگوں کی حقیقی ترجمان اور جمہوری نظام کا مضبوط ترین ستون ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی یوم پارلیمان کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ پارلیمان عوام کی امنگوں کی حقیقی ترجمان اور جمہوری (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر)

ترقیاتی منصوبوں کی کڑی نگرانی کو یقینی بنایا جائے، خالد خان

تعمیراتی کام ان کی براہِ راست نگرانی میں معیاری انداز سے بروقت مکمل کیے جائیں

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے گورنمنٹ بوائز ہائی (بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر)

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کمشنرز ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

عوام کو گراں فروشوں کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جائے گا، میر بہادر خان

شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، اسسٹنٹ کمشنر بختیار آباد

بختیار آباد (لیاقت علی ڈومکی) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کے احکامات، اسسٹنٹ کمشنر بختیار آباد میر بہادر خان بنگلزئی کی ہدایات پر پرائس لسٹ کمیٹی نے لہڑی (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر)

معین الرحمن خان کی زیرِ صدارت جی ڈی اے فنانس سیکشن کا اجلاس

حاجی سید محمد، ڈائریکٹر فنانس ذاکر مجید اور ڈپٹی ڈائریکٹر فنانس عبدالشکور نے شرکت کی

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر معین الرحمن خان کی زیرِ صدارت جی ڈی اے فنانس سیکشن کا ایک اجلاس منعقد ہوا، جس میں چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر)

گوادر ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حکومت عوام کی خدمت اور فلاح و بہبود کے لئے پرعزم ہے، چیف سیکرٹری

شفافیت، جوابدہی اور عوامی شراکت داری کو بنیاد بنا کر ہماری ترجیحات میں عوامی سہولیات کی فراہمی، صحت، تعلیم، روزگار اور بنیادی انفراسٹرکچر کی بہتری شامل ہے

ترقیاتی منصوبے عوام کی معیارِ زندگی بہتر اور بنیادی سہولتوں، روزگار، تعلیم، صحت اور رابطہ کاری میں بہتری لاتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کی خدمت اور فلاح و بہبود کو اپنا فرض سمجھتے ہوئے ہر ممکن وسائل اور صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے عام عوام کی زندگی بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ شفافیت (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر)

ڈیرہ بگٹی، رہائشی کو کاہان میں بے دردی سے قتل کر دیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی کے رہائشی کو کاہان میں بے دردی سے قتل کر دیا گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ بگٹی سوئی کے رہائشی سید باقر شاہ کے فرزند سید اکبر علی شاہ کو گزشتہ روز کاہان کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور موقع واردات سے فرار ہو گئے مقامی پولیس نے لاش اپنی تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دی

کمشنر نصیر آباد کا کمشنر سکھر ڈویژن اور کمشنر لاڑکانہ ڈویژن سے رابطہ

نہروں میں پانی کی فراہمی، محکمہ آبپاشی کے مابین رابطہ کاری اور آئندہ لائحہ عمل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے بلوچستان میں زرعی پانی کی بڑھتی ہوئی قلت اور کاشتکاروں کو درپیش مشکلات کے پیش نظر کیرتھر اور پٹ فیڈر کینالز میں بلوچستان کے جائز حصے کے پانی کی بروقت فراہمی یقینی بنانے کے لیے کمشنر سکھر (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر)

اوستہ محمد، مسلح موٹر سائیکل سواروں کی پیشی پر جانے والے افراد پر فائرنگ، ایک شخص ہلاک، راہ گیر سمیت 3 زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) اوستہ محمد عدالت میں پیشی پر جانے والے لانگو قبیلے کے افراد پر مسلح موٹر سائیکل سواروں کی شدید (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر)

خاران میں امن و امان کی صورتحال انتہائی مخدوش ہو گیا، شیخ منیر احمد

پولیس انتظامیہ صرف طفل تسلی دینے کے سوا کچھ عملی اقدامات نہیں کر رہی ہیں، مقررین

خاران (محمد عیسیٰ محمد حسنی) گزشتہ روز خاران بازار میں دن دہاڑے نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے دکانوں کو لوٹنے کے خلاف انجمن تاجران خاران کے کال پر خاران بازار میں غیر معینہ مدت کے لیے مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال رہی خاران کے تمام چھوٹے بڑے کاروباری مراکز (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر)

عوام کی محبت اور حمایت ایک لیڈر کے وقار اور اعتبار کا تعین کرتی ہے، گورنر بلوچستان

خدمت خلق کے جذبے سے پیوستہ ہو کر ہم ڈویژن کی سطح پر جرگے منعقد کرتے ہیں جس کا مقصد محض جلسہ کرنا نہیں ہے بلکہ لوگوں کو براہ راست سننا، ان کے اصل مسائل کو سمجھنا اور عملی حل نکالنا ہے

ایک لیڈر یا بیوروکریٹ کبھی بھی ڈرائنگ روم اور سرکاری دفاتر تک محدود رہ کر عوام کے حقیقی مسائل و مشکلات کو نہیں سمجھ سکتا، جرگے سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ عملی سیاست میں عوامی رائے ہی وہ بنیاد ہے جس پر ایک کامیاب سیاسی حکمت عملی استوار کی جا سکتی ہے۔ عوام کی محبت، احترام اور حمایت ایک لیڈر کے وقار اور اعتبار کا تعین کرتی ہے۔ ایک لیڈر یا بیوروکریٹ کبھی بھی ڈرائنگ روم اور سرکاری دفاتر تک محدود رہ کر عوام کے حقیقی مسائل و مشکلات کو نہیں سمجھ سکتا۔ زمینی حقائق کا درست ادراک عوام کے ساتھ براہ راست بات چیت سے حاصل ہوتا ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ خدمت خلق کے جذبے سے پیوستہ ہو کر ہم ڈویژن کی سطح پر جرگے (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر)

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ، بیوٹمز کے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر میر وائس کاسی، سی ای او قائم لاشاری بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو سٹیک ہولڈرز، انگجمنٹ اینڈ پلاننگ سیشن کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان، شدید گرمی کی لہر برقرار، شہری غیر ضروری سفر سے گریز کریں، محکمہ موسمیات کا الرٹ جاری

ہیٹ اسٹروک، ڈی ہائیڈریشن، لو بلڈ پریشر، بے ہوشی، چکر آنے، قے، اسہال اور معدے و آنتوں کی مختلف بیماریوں میں مبتلا مریضوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ

صبح 11 بجے سے شام 4 بجے تک سورج کی تپش میں مزید 6 سے 7 ڈگری سینٹی گریڈ تک اضافہ محسوس کیا جا رہا ہے

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان کے بیشتر اضلاع اس وقت شدید گرمی کی لپیٹ میں ہیں جہاں محکمہ موسمیات نے آئندہ ایک ہفتے تک ہیٹ ویو برقرار رہنے کی پیش گوئی کرتے ہوئے شہریوں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت جاری کر دی ہے (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر)

جھل مگسی، مسلح افراد کی ناکہ بندی، چھوٹی بڑی گاریوں کی چیکنگ

ڈیرہ مراد جمالی (این این ائی) جھل مگسی کے علاقے میں مسلح افراد کی ناکہ بندی گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی ذرائع کے مطابق جھل مگسی کے علاقے ڈنگو بیس چوک کے مقام پر مسلح افراد نے ناکہ بندی کر کے چھوٹی اور بڑی گاڑیوں کی چیکنگ کرتے رہے ذرائع کے مطابق ایک گھنٹے سے زیادہ ناکہ بندی کے بعد مسلح افراد فرار ہو گئے مقامی انتظامیہ نے واقعے کے بعد علاقے میں پہنچ کر سرچ اپریشن شروع کر دی

میونسپل کمیٹی قلات میں دوبارہ انتخابات کے لئے ریٹرننگ آفیسر قلات کی جانب سے شیڈول جاری کر دیا

قلات (خ ن) میونسپل کمیٹی قلات میں جنرل کونسلران کے خالی نشستوں پر دوبارہ انتخابات کے لئے ریٹرننگ آفیسر قلات کی جانب سے شیڈول جاری کر دیا گیا بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواروں کیلئے کاغذات نامزدگی 01 جولائی 2026 سے 03 جولائی 2026 تک جمع کرانے کی تاریخ مقرر کی گئی ہے۔ 06 جولائی سے 08 جولائی تک کاغذات کی جانچ پڑتال ہو گی اور 18 جولائی کو امیدوار اپنے دستبرداری کاغذات واپس لے سکیں گے جبکہ 09 اگست 2026 کو باقائدہ انتخابات منعقد ہوں گے۔

سوئی پولیس کی کاروائی سابقہ لیویز مقدمہ میں مطلوب مفرور ملزم گرفتار

ملزم مقدمہ 16/2025 بجرم PPC 392.506².504.427.147.148.149 میں حسب ضابطہ گرفتار

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) سوئی پولیس کی کاروائی سابقہ لیویز مقدمہ میں مطلوب مفرور ملزم گرفتار تفصیلات کے مطابق ایس پی ڈیرہ بگٹی ضیاء الحق مندوخیل کے ہدایت برخلاف جرائم پیشہ عناصر پر عملدرآمد کرتے ڈی ایس پی سرکل سوئی محمد خالد بزدار کی زیر نگرانی ایس ایچ او پولیس تھانہ (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر)

وندر، مسلح افراد نے ہندو تاجروں کو اسلحے کے زور پر لوٹ لیا

سونمیانی وندر (زبیر بلوچ) وندر، امن و امان کی بگڑتی صورتحال نقاب پوش نامعلوم مسلح افراد نے ہندو تاجروں کو اسلحے کے زور پر لوٹ لیا۔ مزاحمت پر ہندو تاجر معمولی زخمی۔ تفصیلات کے مطابق پیر اور منگل کی درمیانی شب وندر میں واقع وائن اسٹور بند کرنے کے بعد اسٹور کا مینیجر اپنے دو بھائیوں اور دیگر ملازمین کے ہمراہ اسٹور کے سامنے حب روانہ ہونے کی تیاری میں مصروف تھے کہ اسی دوران نقاب پوش نامعلوم مسلح افراد نے اچانک دھاوا بول دیا۔ ملزمان نے اسلحہ تان (بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کا ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کے دفتر کا دورہ

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زائد حسین سے ملاقات اور مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا

گوادر (خ ن)۔ ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زائد حسین سے ملاقات کی اور مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ دورے کے دوران ایس ایس ٹی (بقیہ نمبر 6 صفحہ 2 پر)

رائز پروگرام وزیرِ اعلیٰ بلوچستان کے وژن کا اہم حصہ ہے، افتخار ظہیر

حکومت نوجوانوں کو بااختیار بنانے، معاشی طور پر خود کفیل بنانے کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے

پنجگور (این این آئی) حکومت بلوچستان کے رائز پروگرام کے تحت ڈسٹرکٹ کونسل ہال پنجگور میں مستحق نوجوانوں میں معاشی بحالی اور خود روزگاری کے فروغ کے لیے مختلف اثاثہ جات تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی تقریب کے مہمانِ خصوصی اسسٹنٹ کمشنر پنجگور افتخار (بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر)

اسپیشل سیکرٹری خزانہ عارف اچکزئی، سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کی طالبات کو محکمہ خزانہ اور صوبائی بجٹ کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

نصیر آباد ڈویژن شدید گرمی کی لپیٹ میں درجہ حرارت 51 سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا

سخت گرمی کے باعث درجنوں افراد بے ہوش، پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیر آباد ڈویژن شدید گرمی کی لپیٹ میں درجہ حرارت 51 سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا سخت گرمی کے باعث درجنوں افراد بے ہوش جبکہ لوگ گھر تک محصور بجلی کی ٹرپنگ اور بندش انسانی زندگی مفلوج کاروبار ٹھپ دفاتر ویران جبکہ بازاریں مارکیٹس سنسان (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر)

دستیاب پانی کی شفاف اور منصفانہ تقسیم ہماری اولین ترجیح ہے، فرید احمد پندرانی

اریگیشن عملے کی کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

نصیر آباد (خ ن) ایگزیکٹو انجینئر پٹ فیڈر کینال نصیر آباد فرید احمد پندرانی نے کہا ہے کہ خریف سیزن کے آغاز سے قبل ہی پٹ فیڈر کینال اور اس کی تمام ذیلی شاخوں میں زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات تیز کر دیے گئے ہیں، اس مقصد کے لیے تمام (بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر)

بی آئی ایس پی مستحقین کو امدادی رقوم کی ادائیگی کا آغاز کل سے ہوگا

سم وصول نہ کرنے والے مستحقین فوری طور پر بی آئی ایس پی دفاتر سے سم حاصل کریں، اعلامیہ

کوئٹہ (یو این اے) بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) کے ڈپٹی ڈائریکٹر اسفندیار کاکڑ کے جاری کردہ اعلامیہ کیمطابق 2 جولائی 2026 سے بی آئی ایس پی کی امدادی رقوم کی ادائیگی متعلقہ ایجنٹس کے ذریعے باقاعدہ طور پر شروع کی جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر)

یونیورسٹی آف تربت کوالٹی سرکل (یوٹی کیوسی) کا ساتواں اجلاس

تعلیمی معیار کی بہتری اور فیکلٹی و اسٹاف کی ڈیجیٹل صلاحیتوں میں اضافے کے لیے اسٹریٹجک اقدامات کی منظوری

تربت (این این آئی) یونیورسٹی آف تربت کوالٹی سرکل (یوٹی کیوسی) کا ساتواں اجلاس وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں یونیورسٹی کے اکیڈمک ڈینز، تعلیمی اور انتظامی شعبوں کے سربراہان اور کوالٹی انہانسمنٹ سیل (کیو ای سی) کے (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)

پشتون علاقوں میں بدامنی حکومتی ناکامی کا ثبوت ہے، سید صادق آغا

مسلح گروہوں کی کارروائیوں نے عوام سے امن و سکون چھین لیا ہے، صوبائی سینئر نائب صدر

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے پشتون علاقوں میں بڑھتی ہوئی بدامنی (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر)

پارلیمان کسی بھی جمہوری ریاست کا بنیادی ستون ہے، سیدال ناصر

ایک فعال پارلیمان نہ صرف عوامی مسائل کا مؤثر حل پیش کرتی ہے بلکہ قومی یکجہتی، سماجی انصاف اور پائیدار ترقی کے فروغ میں بھی کلیدی کردار ادا کرتی ہے

پارلیمانیں بین الاقوامی تعاون، علاقائی امن، باہمی احترام اور مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مؤثر کردار ادا کر سکتی ہیں

کوئٹہ + اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ پاکستان، سیدال خان ناصر نے بین الاقوامی یوم پارلیمان کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پارلیمان کسی بھی جمہوری ریاست کا وہ بنیادی ستون ہے جہاں عوام کی آواز کو آئینی اور قانونی شکل دی جاتی (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر)

اوستہ محمد، فائرنگ سے زخمی ہونے والا شخص کراچی کے ہسپتال میں دم توڑ گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) اوستہ محمد ہسپتال فائرنگ واقعے کا ایک زخمی ڈاکٹر کراچی میں دوران علاج دم توڑ دیا ڈاکٹرز پیرا میڈیکل اسٹاف اور لواحقین کا پولیس تھانہ اوستہ محمد کے سامنے لاش رکھ کر دھرنا مظاہرہ ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ پولیس کے مطابق اوستہ محمد کے سول اسپتال میں گزشتہ روز جمالی قبیلے کے دو فریقین کے درمیان فائرنگ کے واقعے میں ڈاکٹر شبیر احمد جمالی شدید زخمی ہو گئے تھے جن کو کراچی منتقل کر دیا گیا جہاں وہ دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ دیا

ضلع لسبیلہ کے وارڈ نمبر 08 میرا پیر-II کی جنرل نشست پر ضمنی انتخاب کے لیے باضابطہ شیڈول جاری

اوتھل (خ ن) الیکشن کمیشن بلوچستان نے میونسپل کمیٹی بیلہ ضلع لسبیلہ کے وارڈ نمبر 08 میرا پیر-II کی جنرل نشست پر ضمنی انتخاب کے لیے باضابطہ شیڈول جاری کر دیا ہے اسسٹنٹ کمشنر/ریٹرننگ آفیسر اوتھل آفتاب احمد کی جانب سے جاری پبلک نوٹس کے مطابق امیدوار یکم جولائی سے 3 جولائی 2026 تک اپنے کاغذات نامزدگی جمع کرا سکیں گے جبکہ کاغذات کی جانچ پڑتال 6 جولائی سے 8 جولائی 2026 تک کی جائے (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر)

والدین اپنے بچوں کو اچھی خوراک کے ساتھ وقت اور مثبت تربیت دیں، منصور شاہ

کسی بھی قوم کا مستقبل اس کے بچوں سے وابستہ ہوتا ہے، حاجی بلوچ

سبی (نامہ نگار) ضلعی انتظامیہ سبی، محکمہ صحت بلوچستان، بلوچستان نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ اور یونیسیف کے مشترکہ تعاون سے Parenting Month کے حوالے سے ایک اہم سیمینار اور آگاہی واک منعقد کیا گیا۔ سیمنار میں ڈپٹی کمشنر سبی میجر ریٹائرڈ الیاس کبزئی (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر)

سردار اختر جان مینگل کی صحافی زبیر ابابکی کے انتقال پر تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) کے مرکزی صدر سردار اختر جان مینگل نے ڈیلی انجزیرہ کے چیف ایڈیٹر زبیر احمد ابابکی کے انتقال پر ان کی رہائش گاہ جا کر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی۔ سردار اختر جان مینگل نے زبیر ابابکی کے بیٹے محمد کریم ابابکی اور بھائی صہیب ابابکی، عمیر احمد ابابکی اور چچازاد یار محمد ابابکی۔ حاجی شکر اللہ ابابکی سمیت دیگر لواحقین سے ملاقات کی

بلوچستان کی ترقی درحقیقت پاکستان کی ترقی ہے، عبدالقادر بلوچ

خاران، بسیمہ شاہراہ محض ایک سڑک نہیں بلکہ ایک اہم قومی و اقتصادی راہداری ہے

کوئٹہ (یو این اے) سینئر سیاستدان لیفٹیننٹ جنرل (ر) عبدالقادر بلوچ نے کہا ہے کہ خاران۔ بسیمہ شاہراہ محض ایک سڑک کا منصوبہ نہیں بلکہ ایک اہم قومی، اقتصادی اور اسٹریٹجک راہداری ہے، جس پر مزید تاخیر مغربی بلوچستان کی ترقی میں رکاوٹ بن رہی ہے۔ کوئٹہ میں (بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر)

آج کا نوجوان مایوسی، مہنگائی اور عدم تحفظ کا شکار ہے، ارباب ناصر حیدر کاسی

حکمران نوجوانوں میں پائی جانے والی مایوسی کے خاتمے اور انکو روزگار کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کریں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان یوتھ پیس موومنٹ کے مرکزی چیئرمین ارباب ناصر حیدر کاسی کہا ہے کہ آج کا نوجوان مایوسی، مہنگائی اور عدم تحفظ کا شکار ہے حکمران نوجوانوں میں پائی جانے والی مایوسی کے خاتمے اور انکو روزگار کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کریں۔ یہاں (بقیہ نمبر 27 صفحہ 2 پر)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی گرین بس اسٹاپ کے معائنے کے موقع پر شہریوں سے بات چیت کر رہے ہیں

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراونڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883703
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

عوام کو صحت و تعلیم کی سہولیات پہنچانا وقت کی اہم ضرورت ہے، ہدایت الرحمن بلوچ

معیاری اور بروقت طبی سہولیات ہر شہری کا بنیادی حق ہیں، صحت کے شعبے میں ایسے اقدامات عوامی فلاح و بہبود کے لیے انتہائی اہمیت رکھتے ہیں

ضلع گوادر میں صحت کے شعبے کی بہتری اور عوام کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنی کوششیں ہر سطح پر جاری رکھیں گے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے گوادر قائد حق دو تحریک مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے شفا جاہ ہسپتال کا دورہ کیا جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا مریضوں کی عیادت کی ان کے لواحقین سے ملاقات کی اور طبی عملے سے بھی تبادلہ خیال کیا۔ دورے کے دوران مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، مختلف شعبوں (بقیہ نمبر 28 صفحہ 2 پر)